© rasailojaraid.com



تعارف خواجہ عابد نظامی مدیر ضیائے حرم نے لکھا ہے۔ مؤلف کے قلم سے "حرفے چند" کے بعد "قرآنِ حکیم اور عظمتِ صحابہ" کے عنوان سے ایک مقالہ بھی شامل کتاب ہے۔

اُمید ہے کہ ہاشمی صاحب کی دوسری کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی بہت مقبول ہوگی۔

---

**PLANNING CURRICULA FOR NATURAL SCIENCES: THE ISLAMIC PERSPECTIVE**

مؤلف: محمد عبدالسمیع و مسلم سجاد۔ ناشر: آئی پی ایس۔ 6/4 SHALIMAR, ST. 56, 3 - اسلام آباد۔ قیمت: مجلد ۱۰۰/- روپے۔ رنگین دبیز گتہ ۷۵/- روپے

اسلام کے تحریکی ظہور کا فیضان ہے کہ مختلف دائروں میں فکری و تحقیقی کاموں کی رفتار بڑھ رہی ہے۔ بخصوصاً تعلیم کے دائروں میں پاکستان اور بیرونِ پاکستان اسلامی نقطۂ نظر سے بڑی کثیر تعداد میں کتابیں اور مقالے سامنے آرہے ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی یہ کتاب ہے۔ پہلا مرحلہ اسلام کے اصولِ تعلیم کو اُجاگر کرنے کا تھا۔ اب ان اصولوں کو تعلیمی تنظیم، طریقِ تدریس اور نصاب سازی وغیرہ عملی مسائل پر منطبق کرنے کا کام تیزی سے ہو رہا ہے۔

"طبعی (فطری) سائنسوں کے لیے نصابی منصوبہ بندی، اسلامی زاویہ فکر سے" کے متعلق خود نام ہی سے ضروری تاثر مل جاتا ہے۔ تعلیمات سے تعلق رکھنے والے ہر دو مؤلفین نے کیمیا اور علم حیاتیات (اور اس کی اہم شاخوں) کے لیے نصاب سازی کے خطوط متعین کیے ہیں۔ نیز تعلیم کی ابتدائی، ثانوی اور جامعاتی سطحوں کے لیے حدود کی نشاندہی کی ہے۔ سائنسی تعلیم کو اسلامی روح سے آراستہ کرنے کے لیے یہ رہنمائی دی گئی ہے کہ ایک تو زندگی اور اس کے احوال کے متعلق طلبہ کو یہ ذہن نشین کرایا جائے کہ سارا سلسلہ خدائی احکام کے تحت چل رہا ہے اور اس اصول کے تحت ہر شعبۂ علم کے متعلق قرآن سے اشارات ہدایت اخذ کر کے شامل کیے جائیں، دوسرا اہتمام یہ ہو کہ ہر علم کے متعلق ماضی میں مسلمانوں نے اپنے تفکر و تحقیق کے بل بوتے پر جو کارنامے انجام دیے ہیں ان کو نصاب کا حصہ بنایا جائے۔ نمونے کے اسباق بھی شامل کتاب ہیں۔ بحث و گفتگو کا انداز تحقیقی ہے، زبان دلکش ہے۔ نظریات بہ حیثیت مجموعی درست ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد سینیٹر کے قلم سے نہایت مفید تمہیدی و تعارفی صفحات شامل ہیں۔

© rasailojaraid.com